# Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 6 Short Questions Preparation

Q1. کمپنی کے سرمایہ کاری کی اقسآم بیان کریں.

**Ans 1:** 1- منظور شدہ سرمایہ کاری 2- وصول شدہ سرمایہ کاری

**Ans 2:** 3- جاری شدہ سرمایہ کاری 4- طلب شدہ سرمایہ کاری

**Ans 3:** 5- غیر طلب شدہ سرمایہ کاری 6- غیر ادا شدہ سرمایہ کاری

**Ans 4:** 7- پیشگی ادا شدہ سرمایہ 8- غیر جاری شدہ سرمایہ

**Ans 5:** 9- محفوظ سرمایہ

---

Q2. کون لوگ کمپنی کیے ڈائریکٹر نہیں بن سکتے؟

**Ans 1:** 1.پاگل 2.نابالغ 3.وہ شخص جو کمپنی کا ممبر نہ ہو 4.وہ شخص جو عدالت سے سزا یافتہ ہو 5.وہ شخص جو ڈائریکڑ بننے سے انکار کر دے.

---

Q3. پبلک کمپنی کی تعریف بیان کریں.

**Ans 1:** یہ ایسی کمپنی ہے جس میں حصہ داروں کی زمہ داری محدود ہوتی ہے اور اس کے حصس آسانی سے فروخت اور منتقل کیےجاسکتے ہیں. اس کے علاوہ اس میں حصہ داروں کی زیادہ سے زیادہ تعداد پر کوئی پابندی نہیں ہوتی.

---

Q4. تمسکات سے کیا مراد ہے

**Ans 1:** کمپنی قرض خواہوں کو قرضے کی ضمانت کے طور پر جو سرٹیفیکٹ جاری کرتی ہے انہیں تمسکات کہا جاتا ہے.

---

Q5. مقسوم کی تعریف کریں.

**Ans 1:** کمپنی کا نفع جو حصہ داروں میں تقسیم کیا جاتا ہے،وہ مقسوم کہلاتا ہے.مقسوم کمپنی کے سرمایہ میں سے ادا نہیں کیا جاتا بلکہ منافع سے ادا کیا جاتا ہے.

---

Q6. مضاربہ کی تعریف کریں.

**Ans 1:** یہ کمپنی مضاربہ کمپنیز ارڈی نینس 1980 کے تحت قائم کی جاتی ہے

**Ans 2:** اس کمپنی میں ایک فریق سرمایہ لگاتا ہے جبکہ دوسرا فریق کاروبار چلانے والا فریق منسوب کہلاتا ہے.

**Ans 3:** مثاًل کے طور پر بنک مضاربہ اور الایئڈ بنک مضاربہ وغیرہ.

Q7. ترجیحی حصص سے کیا مراد ہے

**Ans 1:** یہ ایسے حسس ہیں جن کے مالکان کو کمپنی کے منافع کی تقسیم کے وقت اور کمپنی کے خاتمہ کے وقت سرمائے کی واپسی کے لیے دوسرے حصہ داروں پر ترجیؔحی دی جاتی ہے.

Q8. مشترکہ سرمایہ کاری کن شرائط پرحصص فروخت کرتی ہے.

**Ans 1:** 1- مالیت کے برابر قیمت: اگر کمپنی حصص کی اصل قیمت پر فروخت کرے تو یہ مالیت کے برابر فروختگی کہالائے گی.

**Ans 2:** 2- کٹوٹی پر فروخت: اگر کمپنی اس کو ان کی آصل قیمت درج شدہ مالیت کے برابر کم قیمت پر فروخت کرے تو یہ کٹوتی کے برابر فروختگی کہلائے گی.

**Ans 3:** 3- منافع پر فروخت: اگر کمپنی اپنے حصص کو درج شدہ اصل قمیت سے زائد پر فروخت کرے تو یہ منافع پر فروختگی کہلائے گی.

Q9. سرٹیفیکٹ آف ان کارپوریشن سے کیا مرادہے؟

**Ans 1:** سرٹیفیکٹ آف ان کارپوریشن رجسڑار کی طرف سے کمپنی کے کاروبار کو شروع کرنے کا اجازت نامہ ہے.پرائیوٹ کمپنی سرٹیفیکٹ آف کارپوریشن حاصل کرنے کے فوری بعد فوری طور پر اپنا کاروبار شروع کر سکتی ہے لیکن پبلک لیمیٹڈ کمپنی رجسٹرار سے کاروبار شروع کرنے کا سرٹیفیکٹ حاصل کر لینے کے باوجود اس وقت تک کاروبار شروع نہیں کر سکتی جب تک کہ وہ کمپنی کے آغاز کے ساتھ پراسپیکٹس ،سرمایہ کی کم ازکم مقرر کردہ مقدار اور ڈائیکڑ کا مصدقہ بیان لف کرنا ضروری ہے.

Q10. ماتحت کمپنی کی تعریف کریں.

**Ans 1:** ایسی کمپنی جس کے 50% سے زیادہ حص کسی دوسری کمپنی کی ملکیت میں ہوں اور یہی کمپنی اس کے 50% سسے زیادہ ڈائریکڑز بھی منتخب کرتی ہو.